از دفتر سینئر سول جج (ایڈ من) چیئر مین امتحانی بورڈ، ہری پور

نوٹس برائے امتحان عرائض نویساں

ہر گاہ کہ سیشن ڈویژن ہری پور میں عرائض نویس درجہ اول کی تین (03) اور درجہ دوم کی پانچ (05) آسامیوں کو پر کرنا مقصود ہے۔ جس کے لیے ضلع ہری پور کے ڈومیسائل کے حامل خواہش مند اور اہل حضرات اپنی درخواستیں بمعہ کوائف دفتر ھذا میں مورخہ 16/09/2024 تک دفتری اوقات میں جمع کروائیں۔

اہلیت:

1) درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ تک عمر 20 سال سے زائد ہو۔

2) سرکاری ملازمت یا کسی وکیل کی منشی گیری 06 ماہ سے چھوڑ رکھی ہو۔

3) تعلیم کم سے کم میٹرک یا اس کے مساوی ہو۔

شرائط:

1) درخواست سادہ کاغذ پر امیدوار خود تحریر کر کے ذاتی طور پر پیش کرے گا۔

2) درخواست میں امیدوار کا نام، والد کا نام، تاریخ پیدائش سن عیسوی میں، ذات، سکونت اور موجودہ پیشہ / ملازمت (اگر ہو) تحریر کرے گا۔

3) درخواست کے ساتھ چال چلن سرٹیفیکیٹ منسلک ہو گا جو علاقے کے دو معزز لوگوں کی طرف سے اپنے مکمل کوائف کے ساتھ جاری کیا گیا ہو گا۔

4) جلی حروف میں درخواست میں گریڈ- I یا گریڈ- II جس کے لیے امتحان دینا چاہتا ہے کا ذکر کرے گا۔

5) ماضی میں کسی فوجداری مقدمے میں ملوث ہونے، سزا پانے یا سرکاری ملازمت سے نکالے جانے کی بابت معلومات درخواست میں مہیا ہوں گی۔

6) اگر امیدوار سرکاری ملازمت کر رہا ہے یا کسی وکیل کا کلرک ہے اور ملازمت چھوڑنے کو تیار ہے تو یہ امر بھی درخواست میں بیان کرے گا کہ بصورت حصول لائسنس وہ مذکورہ ملازمت چھوڑ دے گا۔

7) درخواست کے ساتھ دو سو روپے (Rs.200/-) کا اصل بینک چالان منسلک ہو گا جو کہ ناقابل واپسی ہو گا۔ مذکورہ دو سو روپے Head:1231000-Justice/1231800-others جمع کروائے جائیں گے۔

نوٹ:

- اہل و نااہل امیدواروں کی فہرستیں 23/09/2024 کو عدالت زیر دستخطی کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائیں گی۔
- اہل امیدواروں کا تحریری امتحان وانٹرویو مورخہ 25/09/2024 کو صبح 09:00 بمقام عدالت زیر دستخطی میں منعقد ہو گا۔

الرقوم: 05/09/2024

شیر از طارق،

سینئر سول جج (ایڈ من)، ہری پور /

چیئر مین امتحانی بورڈ